بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتۡ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ کِتٰبًا مَّوۡقُوۡتًا

بے شک نماز مسلمانوں پر وقت باندھا ہوا فرض ہے ﴿سورۃ النساء 103﴾

مشتاقان توقیت کے لئے جواہر ویواقیت

ہدایۃ التقویم

تالیف لطیف و تصنیف منیف عَامِل فاضل کامل

حضرت بحر العلوم مفتی

سید محمد افضل حسین مونگیری
قدس سرہ العزیز

فہرست

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمدللّٰہ الذی خلق الانسان۝وآتاہ الحکمۃ وعلمہ القران۝ ھدی للناس وبینٰت من الھدی والفرقان۝وجعل الشمس والقمربحسبان۝وقدرہ منازل لیتعلمواعددالسنین والحساب۝والصلوۃ والسلام علی من یدفع عناالعذاب۝ویشفع لنایوم الحساب ۝ وعلی آلہ الکرام وصحبہ المکرمین۝وازواجہ واھل بیتہ اجعین ۝امابعد

ہجری وعیسوی تقویم جاننے کیلئے میں نے یہ کتاب لکھی ہے، باری تعالٰی مجکو خطا اور لغزش سے بچائے اوراس کتاب کونافع ومقبول بنائے۔

آمین یارب العلمین وکان ذلك فی سنۃ ثمان وتسعین وثلاث مائۃ الف من ھجرۃ سیدالمرسلین علیہ وعلی آلہ الصلوۃ والسلام الی یوم الدین۝

﴿مقدمہ اولیٰ﴾ قمری ماہ کی اوسط مدت 29 دن 12 گھنٹے 44 منٹ پانچ سیکنڈ ہے اور کچھ لوگوں نے اوسط کی مدت 29 دن 12 گھنٹے 44 منٹ بتائی ہے۔ قمری مہینوں کی مدت معلوم کرنے کیلئے ذیل میں ایک جدول لکھی جاتی ہے۔

مہینہ	قمری مہینے کی مدت ﴿قول اول پر﴾				مہینہ	قمری مہینے کی مدت ﴿قول ثانی پر﴾			
	سکنڈ	منٹ	گھنٹہ	دن		سکنڈ	منٹ	گھنٹہ	دن
1	5	44	12	29	1	00	44	12	29
2	10	28	1	59	2	00	28	1	59
3	15	12	14	88	3	00	12	14	88
4	20	56	2	118	4	00	56	2	118
5	25	40	15	147	5	00	40	15	147
6	30	25	4	177	6	00	24	4	177
7	35	9	17	206	7	00	8	17	206
8	40	53	5	236	8	00	52	5	236
9	45	37	18	265	9	00	36	18	265
10	50	21	7	295	10	00	20	7	295
11	55	5	20	324	11	00	4	20	324
12	00	49	8	354	12	00	48	8	354

﴿مقدمہ ثانیہ﴾ قمری سال میں کبھی 354 دن اور کبھی 355 دن ہوتے ہیں۔ قمری سال کی اوسط مدت 354 دن 8 گھنٹے 49منٹ ہے اور کچھ لوگوں نے اِس کی اوسط مدت 354 دن 8 گھنٹے 48 منٹ بتائی ہے۔ قمری سالوں کی مدت معلوم کرنے کیلئے ذیل میں ایک جدول لکھی جاتی ہے۔

قمری سال کی مدت ﴿قول اول پر﴾				قمری سال کی مدت ﴿قول ثانی پر﴾			
سال	منٹ	گھنٹہ	دن	سال	منٹ	گھنٹہ	دن
1	49	8	354	1	48	8	354
2	38	17	708	2	36	17	708
3	37	2	1063	3	24	2	1063
4	16	11	1417	4	12	11	1417
5	5	20	1771	5	00	20	1771
6	6	4	2126	6	48	4	2126
7	7	13	2480	7	36	13	2480
8	8	22	2834	8	24	22	2834
9	9	7	3189	9	12	7	3189
10	10	16	3543	10	00	16	3543
20	22	8	7087	20	00	8	7087
30	33	00	10631	30	00	00	10631
40	44	16	14174	40	00	16	14174

سال	منٹ	گھنٹہ	دن	سال	منٹ	گھنٹہ	دن
50	60	8	17718	50	00	8	17718
60	55	1	21262	60	00	00	21262
70	17	17	24805	70	00	16	24805
80	28	9	28349	80	00	8	28349
90	39	1	31893	90	00	00	31893
100	51	11	35436	100	00	16	35436
200	42	11	70873	200	00	8	70873
300	33	5	106310	300	00	00	106310
400	24	23	141746	400	00	16	141746
500	15	17	177183	500	00	8	177183
600	6	11	212620	600	00	00	212620
700	57	4	248057	700	00	16	248056
800	48	22	283493	800	00	8	283493
900	39	16	318930	900	00	00	318930
1000	30	10	354367	1000	00	16	354366
1100	21	4	389804	1100	00	8	389403
1200	12	22	425240	1200	00	00	465240

سال	منٹ	گھنٹہ	دن	سال	منٹ	گھنٹہ	دن
1300	3	16	460677	1300	00	16	460676
1400	54	9	496114	1400	00	8	496113
1500	45	3	531551	1500	00	00	531550
1600	36	31	566987	1600	00	16	566986
1700	27	15	602424	1700	00	8	602423
1800	18	9	637821	1800	00	00	637860
1900	9	3	673298	1900	00	16	673294
2000	00	21	708734	2000	00	8	708733
2100	51	14	744171	2100	00	00	744170
2200	42	8	779608	2200	00	16	779606
3300	33	2	815045	3300	00	8	815043
2400	24	20	850481	2400	00	00	850480
2500	15	14	885918	2500	00	16	885916
2600	6	8	921355	2600	00	8	921353
2700	57	1	956792	2700	00	00	956790
2800	48	19	992228	2800	00	16	992226
2900	39	13	1027665	2900	00	8	1027663

سال	منٹ	گھنٹہ	دن	سال	منٹ	گھنٹہ	دن
3000	30	7	1063102	3000	00	00	1063100
3100	21	01	1098539	3100	00	16	1098536
3200	12	19	1133965	3200	00	8	1133973
3300	3	13	1169412	3300	00	00	1169410
3400	54	6	1204849	3400	00	16	1204846
3500	45	00	1640286	3500	00	8	1240283

﴿مقدمہ ثالثہ﴾ عیسوی سال میں کبھی 365 دن ہوتے ہیں اور کبھی 366 دن ضابطہ یہ ہے، کہ جو سنہ عیسوی چار﴿4﴾سے پوراپورا تقسیم ہوجائے اور 25 سے پوراپورا تقسیم نہ ہو یا 400 سو سے بھی پوراپورا تقسیم ہوجائے اور 4000 چارہزار سے پوراپورا تقسیم نہ ہو اُس سنہ میں 29 دن کی فروری مانی جاتی ہے اور وہ سال 366 دنوں کا ہوتا ہے، ایسے سنہ کو سنہ کبیسہ کہتے ہیں اور باقی سنہ میں صرف 28 دنوں کی فروری مانی جاتی ہیں اور وہ سال صرف 365 دنوں کا ہوتا ہے۔ناظرین کی سہولت کیلئے ذیل میں ایک جدول لکھی جاتی ہے، جس سے عیسوی سالوں کے ایام کی تعداد بآسانی معلوم ہوسکے گی۔

سال	تعداد ایام	سال	تعداد ایام
1	365	40	14610
2	730	44	16071
3	1095	48	17532
4	1461	56	18993

سال	تعداد ایام	سال	تعداد ایام
8	2922	56	20454
12	4383	60	21915
16	5844	64	23376
20	7305	68	24837
24	8766	72	26298
28	10227	76	27759
32	11688	80	29220
36	13149	84	30681
88	32142	1800	657436
92	33603	1900	693940
96	35064	2000	730485
100	36524	2100	767009
200	73048	2200	803533
300	109572	2300	840057
400	146097	2400	876582
500	182621	2500	913106
600	219148	2600	949630

سال	تعداد ایام	سال	تعداد ایام
700	255669	2700	986154
800	292194	2800	1022679
900	328718	2900	1059203
1000	365242	3000	1095727
1100	401766	3100	1132251
1200	438291	3200	1168776
1300	474815	3300	125300
1400	511339	3400	1241824
1500	547863	3500	1278348
1600	584388	3600	1314873
1700	620911	3700	1351397
3800	1387921	4000	1460969
3900	1424445		

﴿مقدمہ رابعہ﴾ شمسی مہینوں سے کسی ایک مہینہ کی ابتداء سے کسی مہینے کے ختم تک دنوں کی تعداد مندرجہ ذیل جدول سے بآسانی معلوم ہوسکتی ہے۔

ماہ	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
جنوری	31	59	90	120	151	181	212	243	273	304	334	365
	31	60	91	121	152	182	213	244	274	305	335	366
فروری	0	28	59	89	120	150	181	212	242	273	303	334
		29	60	90	121	151	182	213	243	274	304	335
مارچ	0	0	31	61	92	122	153	184	214	245	275	306
اپریل	0	0	0	30	61	91	122	153	183	214	244	275
مئی	0	0	0	0	31	61	92	123	153	184	214	245
جون	0	0	0	0	0	30	61	92	122	153	183	214
جولائی	0	0	0	0	0	0	31	62	92	123	153	184
اگست	0	0	0	0	0	0	0	31	61	92	122	183
ستمبر	0	0	0	0	0	0	0	0	30	61	91	122
اکتوبر	0	0	0	0	0	0	0	31	0	31	61	92
نومبر	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	30	61
دسمبر	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	31

﴿مقدمہ خامسہ﴾ 19 مارچ 1969 عیسوی روز چہار شنبہ ﴿جمعرات﴾ کو محرم 1389 ہجری کا ہلال دیکھا گیا۔ رویت عامہ ہوئی لہذا 20 مارچ 1969 عیسوی روز پنجشنبہ ﴿﴾ کو یکم محرم الحرام 1389 ہجری

ہونے میں کوئی شبہ نہیں رہا،اس پر تمام جنتریوں کا اتفاق بھی ہے۔ تقویم تاریخ مُرتب عبد القدوس صاحب ہاشمی جسے مرکزی ادارہ تحقیقات اسلامی کراچی نے 1965 سنہ عیسوی میں شائع کیا ہے اور تقوم ہجری وعیسوی خالدی صاحب جیسے انجمن ترقی اردو ہند دہلی نے 1339 سنہ عیسوی میں شائع کیا ہے اور المنجد جدید مُرتب یسوعی یہ تینوں کتابیں بھی اس پر متفق ہیں، کہ 20 مارچ 1969 سنہ عیسوی روز پنجشنبہ ﴿﴾ کو یکم محرم الحرام 1389 سنہ ہجری ہے۔

﴿مقدمہ سادسہ﴾ یکم جنوری 1 سنہ عیسوی سے 20 مارچ 1969 سنہ عیسوی روز پنجشنبہ تک ﴿718886﴾ دن ہیں دَلیل حسب ذیل ہے۔

یکم جنوری 1 سنہ عیسوی سے 31 دسمبر 1968 سنہ عیسوی تک 1968 سال شمسی ہیں اور یکم جنوری 1969 سنہ عیسوی سے 20 مارچ 1960 سنہ عیسوی روز پنجشنبہ تک دوماہ جنوری وفروری اور 20 دن ہیں۔

1900 سال شمسی	693960	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
68 سال شمسی	25837	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
دوماہ جنوری وفروری سنہ کبیسہ	59	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ رابعہ
مارچ کے 20 دن	20	دن	
یعنی 1968 سنہ سال شمسی دوماہ 20 دن	718876	دن	

﴿مقدمہ سابعہ﴾ یکم محرم الحرم سال ہجرت سے یکم محرم الحرام 1389 سنہ ہجری روز پنجشنبہ ﴿﴾ تک ﴿491863﴾ دن ہیں اس لئے یکم محرم الحرام سال ہجری سے ختم ذی الحجہ 1388 سنہ

ہجری تک پورے 1388 سال قمری ہیں،لہذا یکم محرم الحرام سال ہجری سے یکم محرم سے یکم محرم الحرام 1389 سنہ ہجری روز پنجشنبہ ﴿﴾ تک 1388 قمری اور ایک دن

1300 سال قمری	3 منٹ	16 گھنٹہ	460677	ملاحظہ ہو مقدمہ ثانیہ
80 سال قمری	28 منٹ	9 گھنٹہ	28349	ملاحظہ ہو مقدمہ ثانیہ
8 سال قمری	32 منٹ	22 گھنٹہ	2834	ملاحظہ ہو مقدمہ ثانیہ
یکم محرم الحرام کا ایک دن 1-00-00-1				

یعنی 1388 سال قمری اور ایک دن 3-00-491863 رھو المطلوب

﴿مقدمہ ثامنہ﴾ سنہ عیسویہ کے دولاکھ ستائیس ہزار تیرہ دن گزر جانے کے بعد سنہ ہجریہ کا آغاز ہوا ہے۔ یعنی سنہ ہجریہ کے ایام سے سنہ عیسویہ کے ایام زائدہ کی تعداد ﴿227013﴾ ہے،اس لئے کہ یکم جنوری 1 سنہ عیسویہ سے 20 مارچ 1969 سنہ عیسوی روز پنجشنبہ مطابق یکم محرم الحرام 1389 سنہ ہجری تک ﴿718876﴾ دن ہیں اور مقدمہ سابعہ میں یہ ثابت ہوا ہے کہ یکم محرم الحرام سال ہجری سے یکم محرم الحرام 1386 سنہ ہجری روز پنجشنبہ تک ﴿491863﴾ دن ہیں اس لئے سنہ عیسویہ مقدمہ خامسہ وسادسہ کو ملانے سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یکم جنوری 1 سنہ عیسوی سے 20 مارچ 1966 سنہ ہجری تک ﴿718876﴾ دن ہیں اور مقدمہ سامعہ سے یہ لازم آتا ہے کہ 2 محرم الحرام ہجری سے یکم محرم الحرام 1389 سنہ ہجری روز پنجشنبہ تک ﴿491862﴾ دن ہیں۔اس لئے یکم جنوری 1 سنہ عیسوی سے یکم محرم الحرام سال ہجری تک ﴿718876﴾﴿491862﴾﴿227014﴾ دن ہیں لہذا یکم جنوری 1 سنہ عیسوی سے ختم

ذی الحجہ قبل ہجرت تک ﴿227013﴾ دن ہیں اس لئے سنہ عیسویہ کے ایام سنہ ہجریہ سے ﴿227013﴾ زائد ہیں۔ وھو المطلوب

﴿مقدمہ تاسعہ﴾ جس محدود زمانہ کا پہلا دن معلوم ہو اُس کا آخری دن مندرجہ ذیل جدول اسبوعات کے ذریعہ معلوم کیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح جس محدود زمانہ کا آخری دن معلوم ہو اُس کا پہلا دن مندرجہ ذیل جدول اَسبوعات کے ذریعہ معلوم کیا جاسکتا ہے۔

جدول اَسبوعات

ابتدا ایام	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہار شنبہ	پنجشنبہ	
0	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہار شنبہ	6
1	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہار شنبہ	پنجشنبہ	5
2	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہار شنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	4
3	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہار شنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	3
4	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہار شنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	2
5	سہ شنبہ	چہار شنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	1
6	چہار شنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	0
	سہ شنبہ	چہار شنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	اختتام ایام

﴿مثال اول﴾ ہمیں یہ معلوم ہے کہ 6 جنوری 1969ء کو دوشنبہ تھا۔ اب ہم یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ 15 مارچ 1969ء کو کیا دن ہے تو ہم نے اس محدود زمانہ کے ایام معلوم کیے اسطرح کہ 6 جنوری 1969ء سے 31 جنوری 1969ء تک 26 دن اور فروری کے 28 دن اور مارچ کے 15 دن کل ﴿15+28+26﴾ کل 69 دن ہوئے پھر ہم نے 69 کو سات پر تقسیم کیا تو چھ باقی رہے۔ لہذا 15 مارچ 1969ء کو شنبہ ہی ہے۔

﴿مثال دُوم﴾ ہمیں یہ معلوم ہے کہ 6 جنوری 1969ء کو دوشنبہ تھا، اب ہم یہ معلوم کرتا چاہتے ہیں کہ 23 مارچ 1969 کو کیا دن ہے تو ہم نے اس محدودزمانہ کے ایام معلوم کیے اِسطرح کہ 6 جنوری 1969ء سے 31 جنوری 1969ء تک 26 دن اور فروری کے 28 دن اور مارچ کے 23 دن ﴿23+28+26﴾ کل دن 77 دن ہوئے پھر ہم نے 77 کو سات پر تقسیم کیا تو صِفر باقی رہا، پھر ہم نے صِفر کے مقابل بائیں طرف دو شنبہ کے نیچے دیکھا تو یکشنبہ لکھا ہے، لہذا 23 مارچ 1969ء کو یکشنبہ ہی ہے۔

﴿مثال سوم﴾ ہمیں یہ معلوم ہے کہ 25 فروری 1969ء کو سہ شنبہ تھا، اب ہم یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ 18 جنوری 1969ء کو کیا دن ہے تو ہم نے اس محدود زمانہ کے ایام معلوم کئے اِسطرح کہ 18 جنوری 1969ء سے 31 جنوری 1969ء تک 14 دن اور فروری کے 25 دن ﴿25+14﴾ کل 39 دن ہوئے، پھر ہم نے 39 کو سات پر تقسیم کیا تو چار باقی رہے، پھر ہم نے چار کے مقابل داہیں طرف سہ شنبہ کے اُوپر دیکھا تو شنبہ لکھا ہے، لہذا 18 جنوری 1969ء کو شنبہ ہی ہے۔

﴿مثال چہارم﴾ ہمیں یہ معلوم ہے کہ 25 فروری 1969ء کو سہ شنبہ تھا۔ اب ہم یہ معلوم کرناچاہتے ہیں کہ 7 جنوری 1969ء کو کیادن ہے تو ہم نے اس محدود زمانہ کے ایام معلوم کئے اس طرح کہ 7 جنوری 1969ء کو کیادن ہے تو ہم نے اس محدودزمانہ کے ایام معلوم کئے اس طرح کہ 7 جنوری 1967ء سے 31 جنوری 1979ء تک 25 دن اور فروری کے 25 دن ﴿25+25﴾ کل 50 دن ہوئے، پھر ہم نے 50 کو سات پر تقسیم کیاتوایک باقی رہا، پھر ہم نے ایک کے مقابل دائیں طرف سہ شنبہ کے اُوپر دیکھاتوسہ شنبہ لکھاہے، لہٰذا7 جنوری 1969ء کوسہ شنبہ ہی ہے۔

محدودزمانہ کاپہلا دن معلوم ہوتو آخری دن معلوم کرنیکا دوسراقاعدہ

یوم سابق[1] کے نام[2] کاعدد محدوزمانہ کے ایام کی تعداد میں جمع کرکے ایک کم کرلیجئے، باقی کوسات پر تقسیم کیجئے جوباقی بچے وہ اُس محدودزمانہ کے آخری دن کاعددی[3] نام ہو گا یا محدودزمانہ کے ایام کی تعداد میں ایک کم کرلیجئے اور باقی میں یوم سابق کے نام کاعدد جمع کرکے حاصل جمع کوسات پر تقسیم کیجئے توجوباقی بچے وہ اُس محدودزمانہ کے آخری دن کاعددی نام ہو گا یایوم سابق کے نام کے عدد میں سے ایک گھٹاکر اُس میں محدودزمانہ کے ایام کی تعداد معلوم کی کہ 77 ہے اس کے بعد اس طرح عمل کیا

2+77−1=78٪7 باقی ایک یعنی یکشنبہ

---

[1] یوم سابق یعنی محدودزمانہ کاپہلادن [2] نام کاعدد یعنی یکشنبہ کیلئے ایک دوشنبہ کیلئے دوسہ شنبہ کیلئے تین چہارشنبہ کیلئے پانچ اور جمعہ کیلئے چھ اور ہفتہ کیلئے سات یاصِفر [3] عددی نام یعنی یکشنبہ کاعددی نام ایک دوشنبہ کاعددی نام دو۔ وعلی القیاس

محدودزمانہ کا آخری دن معلوم ہوتو پہلا دن معلوم کرنیکا دوسراقاعدہ

محدودزمانہ کے ایام کی تعداد میں سے ایک کم کرلیجئے باقی کوسات پر تقسیم کیجئے جو باقی بچے اُتنا آخری دن کے نام کے عدد میں کم کرلیجئے، جوباقی بچے وہ اُس محدود زمانہ کے پہلے دن کا عددی نام ہوگا مثلاً ہمیں یہ معلوم ہے کہ 25 فروری 1969ء کو سہ شنبہ تھا اب ہم یہ معلوم کی کرنا چاہتے ہیں کہ 6 جنوری 1969ء کو کیادن ہے تو اُس محدود زمانہ کے ایام کی تعداد معلوم کی کہ 51 ہے اُس کے بعد اس طرح عمل کیا کہ ﴿51-1﴾= 50 ٪ 7باقی ایک لہذا﴿3-1﴾ = 2یعنی دوشنبہ ﴿نوٹ﴾سات پر تقسیم کرنے کے بعد جوعدد باقی بچے اگروہ آخری دن کے نام عدد سے اکبر﴿زیادہ﴾ہوتو آخری دن کے نام کے عدد میں سا جمع کرلیں۔

﴿مقدمہ عاشرہ﴾ یکم جنوری 1ء عیسوی کو دوشنبہ تھا اس لئے کہ مقدمہ سادسہ میں ثابت ہوا ہے کہ یکم جنوری 1ء عیسوی 20 مارچ 1969ء عیسوی روز پنجشنبہ تک ﴿718876﴾ دن ہیں انہیں سات پر تقسیم کرنے سے چار باقی رہتا ہے اور ان ایام کا آخری دن پنجشنبہ ہمیں معلوم ہے اس لئے جدول اسبوعات میں ہم نے چار کے مقابل دائیں طرف دیکھا تو پنجشنبہ کے اوپر دوشنبہ ہے۔ وھو المطلوب

ہجری سے عیسوی معلوم کرنیکا قاعدہ

قمری تاریخ معلوم ہوتو شمسی تاریخ معلوم کرنے کا یہ قاعدہ ہے کہ مقدمہ اولی وثانیہ کی مدد سے اُس تاریخ تک سنہ ہجری کے ایام کی تعداد معلوم کیجئے، پھر اُس میں سنہ عیسوی کے ایام زائدہ﴿227013﴾ جمع کیجئے تو حاصل جمع سنہ عیسوی کے ایام کی تعداد ہوگی اُس کے بعد مقدمہ ثالثہ اور رابعہ کی مدد سے سنہ عیسوی کے

سال اور مہینے اور دن کی تعداد معلوم کیجئے مثلاً ہم یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ محرم 1389ھ کو شمسی تاریخ کیا ہے تو اس طرح عمل کریں۔

یکم محرم سال ہجرت سے ختم ذی الحجہ 1388ھ ہجری تک 1388ھ سال قمری ہیں اس لئے یکم محرم سال ہجرت سے یکم محرم 1389ھ ہجری تک 1388 سال قمری ایک دن ہے۔

سال	منٹ	گھنٹہ	دن	قاعدہ
1300 سال قمری	03	16	460677	ملاحظہ ہو مقدمہ ثانیہ
80	28	9	28349	ملاحظہ ہو مقدمہ ثانیہ
8	32	22	2834	ملاحظہ ہو مقدمہ ثانیہ
1 دن 0-1				

یعنی 1388 سال قمری اور ایک دن = 3 00 – 491863

سنہ عیسوی کے ایام زائدہ = 227013 ﴿ملاحظہ ہو مقدمہ ثانیہ﴾

یعنی یکم جنوری 1ھ عیسوی سے یکم محرم 1389ھ ہجری تک 718876 دن		
1900 سال شمسی	693960 دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
68 سال شمسی	24837 دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
ختم فروری تک	89 دن	ملاحظہ ہو مقدمہ رابعہ

یعنی 1968 سال شمسی کے بعد ختم فروری تک 717856 دن

مارچ 1969ھ تک کے 20 دن

یعنی 20 مارچ 1969ء تک 717876 دن

لہذا یکم محرم 1389ھ کو 20 مارچ 1969ء ہے۔ وھوالمطلوب

عیسوی سے ہجری معلوم کرنیکا قاعدہ

شمسی تاریخ معلوم ہو تو قمری تاریخ معلوم کرنے کا یہ قاعدہ ہے کہ مقدمہ ثالثہ ورابعہ کی مدد سے اُس تاریخ تک سنہ عیسوی کے ایام کی تعداد معلوم کیجئے پھر اُس میں سے میں سے سنہ عیسوی کے ایام زائد ﴿227013﴾ نکال لیجئے تو حاصل تفریق سنہ ہجری کے ایام کی تعداد ہو گی اِس کے بعد مقدمہ اولی وثانیہ کی مدد سے سنہ ہجری کے سال اور مہینے اور دن کی تعداد معلوم کیجئے۔

مثلاً ہم یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ 20 مارچ 1969ء عیسوی کو قمری تاریخ کیا ہے تو اس طرح عمل کریں۔

1900 سال شمسی	693960 دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
68 سال شمسی	24837 دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
یکم جنوری 1969ء سے ختم فروری 1949ء تک	59 دن	ملاحظہ ہو مقدمہ رابعہ
مارچ 1969ء کے 20 دن		

یعنی یکم جنوری 1ء عیسوی سے 20 مارچ 1969ء عیسوی تک 718876 دن

سنہ عیسوی کے ایام زائدہ 227013 دن ﴿ملاحظہ ہو مقدمہ ثامنہ﴾

یعنی یکم محرم سال ہجرت سے 20 مارچ 1969 سنہ عیسوی تک 491863 دن			
قمری سال	**منٹ**	**گھنٹہ**	**دن**
1300 سال قمری	3	16	460677 ﴿مقدمہ ثانیہ﴾
80 سال قمری	28	9	28349 ﴿مقدمہ ثانیہ﴾
8 سال قمری	32	22	2834 ﴿مقدمہ ثانیہ﴾
یعنی 1388 سال قمری کے ختم پر 3-00-491862 دن			
محرم 1389 سنہ ہجری کا ایک دن			

یعنی یکم محرم 1389 سنہ ہجری تک 491863 دن

لہٰذا 20 مارچ 1969 سنہ عیسوی کو یکم محرم الحرام 1389 سنہ ہجری ہے۔ وھو المطلوب

شمسی تاریخ کا دن معلوم کرنیکا قاعدہ

﴿1﴾ سنہ عیسوی میں سے ایک عدد کم کیجئے تو عیسوی سال معلوم ہوں گے۔ ﴿2﴾ اب عیسوی سال کی صدی کو تین میں ضرب دیکر حاصل ضرب کو محفوظ کیجئے۔ ﴿3﴾ اب عیسوی سال کی صدی کو چار پر تقسیم کر کے خارج قسمت کو محفوظ کیجئے۔ ﴿4﴾ اب عیسوی سال کے باقی حصہ کو چار پر تقسیم کر کے خارج قسمت کو محفوظ کیجئے۔ ﴿5﴾ عیسوی سال کو سات پر تقسیم کر کے باقی کو محفوظ کیجئے۔ ﴿6﴾ عیسوی تاریخ[1] کے ایام کے عدد میں ایک جمع کر کے سات پر تقسیم کر کے باقی کو محفوظ کیجئے۔ ﴿7﴾ اب پانچوں محفوظ کو جمع کر کے سات پر تقسیم کیجئے اگر ایک باقی رہے تو یکشنبہ، اگر دو باقی رہے دوشنبہ اور تین باقی رہے تو سہ

شنبہ اور چار باقی رہے تو چہار شنبہ اور پانچ باقی ہے تو پنجشنبہ اور چھ باقی رہے تو جمعہ اور سات باقی رہے یا صِفر تو ہفتہ۔﴿نوٹ﴾اس قاعدہ سے﴿3999﴾عیسوی تک شمسی تاریخ کے دن معلوم کیئے جاسکتے ہیں۔

1. قولہ عیسوی تاریخ کے ایام کا عدد یعنی یکم جنوری سے لے کر اس تاریخ تک جتنے دن ہوں انکی تعداد﴿یہ مقدمہ رابعہ سے معلوم کیجئے﴾

﴿مثال﴾ ہم یہ معلوم کرنا چاہتے کہ 8 اپریل 1977ء کو کیا دن ہے تو اس طرح عمل کریں﴿7719-1﴾1976 عیسوی سال

1	3x19	حاصل ضرب	57	محفوظ اول
2	4٪19	خارج قسمت	4	محفوظ ثانی
3	4٪76	خارج قسمت	19	محفوظ ثالث
4	7٪1976	باقی	2	محفوظ رابع
5، 8 اپریل کے ایام کا عدد	7٪99 = 1 + 98	باقی	1	محفوظ خامس
6	پانچوں محفوظ کا مجموعہ		83	
7	7 ٪ 83	باقی چھ	6	یعنی دن جمعہ

﴿اصل معتمد﴾بروایت صحیح یہ ثابت ہے کہ نہم ذی الحجہ یوم عرفہ 10ھ حجۃ الوداع کے دن جمعہ تھا۔لہذا جو تقویمات اس روایت صحیح کی مخالف و معارض ہیں وہ بلاشبہ غلط ہیں۔بخاری شریف میں عن عمربن الخطاب ان رجلامن الیهودوقال لہ یاامیر المومنین آیۃ فی کتابکم تقرونها،لوعلینا معشرالیهودنزلت لاتخذناذلك الیوم عید اقال ای آیۃ قال اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ

لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَ رَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًاؕ ﴿سورۃ المائدۃ-3﴾قال عمر قدعرفناذلک الیوم المکان الذی نزلت فیہ علی النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم وھو قائم بعرفۃ یوم جمعۃ۔اور ترمذی میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

﴿ھدایہ اولٰی﴾ خالدی صاحب نے اپنی کتاب تقویم ہجری وعیسوی میں یکم ذی الحجہ 10 ہجری کا دن لکھا ہے جو بلاشبہ غلط ہے اس لئے کہ اصل معتمد کے خلاف ہے۔بلکہ یکم ذی الحجہ 10 ہجری کو پنجشنبہ تھا۔

﴿ھدایہ ثانیہ﴾ خالدی صاحب نے اپنی کتاب تقویم ہجری وعیسوی میں اور ہاشمی صاحب نے اپنی کتاب تقویم تاریخ میں اور یسوعی نے منجد جدید میں یکم محرم 11 ہجری کو یکشنبہ کا دن لکھا ہے جو بلاشبہ غلط ہے اس لئے کہ کوئی قمری مہینہ کبھی 31 دن کا نہیں ہوتا۔لہذا یکم محرم 11 کو یکشنبہ بتانا اصل معتمد کے خلاف ومعارض ہے بلکہ یکم محرم 11 ہجری کو شنبہ تھا اور جمعہ ہونا بھی ممکن۔

﴿ھدایہ ثالثہ﴾ یکم محرم سال ہجرت کو ازروئے حساب پنجشنبہ تھا۔اس لئے کہ یکم محرم سال ہجرت سے حجۃ الوداع تک 9سال 11 ماہ قمری اور 9 دن ہیں یعنی کل ﴿3523﴾ دن اور تین گھنٹے 26 منٹ ہیں۔گھنٹے اور منٹ چھوڑ کر جو سالم دن ہیں یعنی ﴿3523﴾ ان کو سات پر تقسیم کرنے سے دو باقی رہتا ہے اور ان ایام کا آخری دن حجۃ الوداع ہے جس دن بلاشبہ جمعہ تھا اس لئے جدول اسبوعات میں ہم نے دو کے مقابل دائیں طرف دیکھا تو جمعہ کے اوپر پنجشنبہ ہے لیکن ازوئے رویت جمعہ بھی ممکن ہے چنانچہ یسوعی نے منجد حدید میں یکم محرم سال ہجرت کو جمعہ کا ہی دن لکھا ہے۔اسی طرح تقویم خالدی وتقویم تاریخ میں بھی جمعہ کا دن لکھا ہے۔

﴿ھدایہ رابعہ﴾ یکم محرم سال ولادت کو پنجشنبہ تھا اس لئے کہ یکم محرم سال ولادت سے حجۃ الوداع تک 62 سال 11 ماہ قمری اور 9 دن ہیں یعنی کل ﴿22304﴾ دن 14 گھنٹے 48 منٹ ہیں گھنٹے اور منٹ چھوڑ کر سالم دن ہیں ﴿22304﴾ اِن کو سات پر تقسیم کرنے سے دو باقی رہتا ہے اور ان ایام کا آخری دن حجۃ الواع ہے جس دن بلاشبہ جمعہ تھا اس لئے جدول اسبوعات میں ہم نے دو کے مقابل دائیں طرف دیکھا تو جمعہ کے اوپر پنجشنبہ ہے۔ لیکن از روئے رویت جمعہ بھی ممکن ہے۔

﴿ھدایہ خامسہ﴾ یکم ربیع الاول سال ولادت کو از روئے حساب یکشنبہ تھا اس لئے کہ یکم ربیع الاول سال ولادت سے حجۃ الوداع تک 62 سال 9 ماہ قمری اور 9 دن ہیں یعنی کل ﴿22245﴾ دن 13 گھنٹے 21 منٹ ہیں۔ گھنٹے اور منٹ چھوڑ کر جو سالم دن ہیں یعنی ﴿22245﴾ اِن کو سات پر تقسیم کرنے سے 6 باقی رہتا ہے اور ان ایام کا آخری دن حجۃ الوداع ہے جس دن بلاشبہ جمعہ تھا اس لئے جدول اسبوعات میں ہم نے 6 کے مقابل دائیں طرف دیکھا تو جمعہ کے اوپر یکشنبہ ہے۔ لیکن از روئے رویت دوشنبہ بھی ممکن ہے۔ ولادت مبارک 2 ربیع الاول روز دوشنبہ کو ہوئی اور بعض کا یہ قول ہے کہ ولادت مبارک 9 ربیع الاول روز دوشنبہ کو ہوئی یہ دونوں قول احتمال اول کی موافقت کرتے ہیں۔ اور اکثر محدثین کا یہ قول ہے کہ ولادت باسعادت 8 ربیع الاول روز دوشنبہ کو ہوئی یہ قول احتمال ثانی کی موافقت کرتا ہے اور مشہور یہ ہے کہ ولادت باسعادت 12 ربیع الاول روز دوشنبہ کو ہوئی اس قول پر یکم ربیع الاول سال ولادت کو پنجشنبہ تھا جو کسی حساب نہیں بنتا لیکن مواھب لدنیہ اور مدارج النبوۃ میں یہ لکھا ہے کہ مکہ مکرمہ میں ہمیشہ 12 ربیع الاول ہی کو عید میلا دالنبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم منانا چاہیئے۔ خواہ 12 ربیع الاول کو ولادت مبارک

ہوئی ہو خواہ کسی دوسرے تاریخ میں ولادت ہوئی ہو جس طرح کہ قبلہ کا علم نہ ہونے پر نماز میں جہت تحری کا استقبال واجب ہے خواہ کعبہ مکرمہ جہت تحری ہی میں ہو یا کسی دوسری جہت میں۔

﴿ہدایہ سادسہ﴾ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اِس جہان سے گیارھویں ہجری کے ربیع الاول کے مہینہ میں دوشنبہ کے دن رحلت فرمائی ہے اور مشہور یہ ہے کہ بارھویں تاریخ تھی لیکن اِس میں ایک اُولجھن ہے وہ یہ کہ روز جمعہ حجۃ الوداع سے 12 ربیع الاول 11ھ ہجری تک کم از کم 91 دن اور زیادہ سے زیادہ 94 دن ہوئے ہوں گے۔ لہذا روز جمعہ حجۃ الوداع سے 12 ربیع الاول 11ھ ہجری تک اگر صرف 91 دن ہوئے ہوں تو 12 ربیع الاول کو پنجشنبہ ہو گا اور 92 دن ہوئے ہوں تو جمعہ ہو گا اور 93 دن ہوئے ہوں تو شنبہ ہو گا اور اگر 94 دن ہوئے ہوں تو یکشنبہ ہو گا۔ بہر حال دوشنبہ کو بارہویں کسی حساب سے نہیں آتی۔ اور بعض علماء کا یہ قول ہے کہ ربیع الاول کی 13 تاریخ تھی یہ اس طرح کہ ذی الحجہ و محرم و صفر تینوں مہینے 30-30 دن کے ہوئے ہوں اس قول پر روز جمعہ حجۃ الوداع سے یکم ربیع الاول 11ھ ہجری روز چہار شنبہ تک 83 دن ہیں اور 13 ربیع الاول یوم رحلت روز دوشنبہ تک 95 دن ہیں۔

بعض محققین کا یہ ارشاد ہے کہ یوم رحلت روز دوشنبہ کو مکہ مکرمہ والوں کے حساب سے 13 ربیع الاول اور مدینہ والوں کے حساب سے 12 ربیع الاول تھی لہذا پہلے اور دوسرے قول اور میں تخالف نہیں رہا اور پہلے قول میں جو اولجھن بتائی گئی وہ اولجھن بھی دور ہو گئی۔

لیکن یوم رحلت دوشنبہ کو مدینہ والوں کے حساب سے 12 ربیع الاول ماننے کیلئے یہ ماننا پڑے گا کہ ذی قعدہ وذی الحجہ و محرم و صفر چاروں مہینے مدینہ منورہ میں 30-30 دن کے ہوئے اور مدینہ منورہ والوں کے

حساب سے حجۃ الوداع روز جمعہ کو 8 ذی الحجہ تھی نہ کہ 9 ذی الحجہ اور ربیع الاول تک مدینہ منورہ والے اِسی حساب پر قائم بھی رہے اور ذی قعدہ و ذی الحجہ و محرم وصفر چاروں مہینے مدینہ والوں نے 30-30 دن کے مانے، اور بعض علماء نے پہلے اور دوسرے قول میں یوں تطبیق دی ہے کہ جس روایت میں یہ ہے کہ یوم رحلت بارہ گزرنے پر ہے اس میں بارہ سے بارہ دمراد ہے نہ کہ بارہ راتیں اور بارہ دن گزرنے پر تیرھوں تاریخ ہی ہوتی ہے لہذا قول دوسرے قول کے مطابق ہے نہ کہ معارض لیکن اس پر دوطرح سے اعتراض کیا گیا ہے ایک تو اس طرح کہ یہ محاوہ عرب کے خلاف ہے اہل عرب جب یہ لفظ بولتے ہیں تو بارہ راتیں گزرنا مراد لیتے ہیں نہ کہ بارہ دن اور دوسرا اعتراض اس طرح کہ روایت کے الفاظ **اثناعشرة اور ثنتی عشرة** ہیں جن سے یوم مراد نہیں لیا جا سکتا نہ نہار، اس لئے کہ یوم و نہار مذکر ہیں۔

اور بعض کا یہ قول ہے کہ ربیع الاول کی دوسری تاریخ تھی یہ اس طرح کہ ذی الحجہ و محرم وصفر تینوں مہینے 29-29 دن کے ہوئے ہوں۔ اس قول پر روز جمعہ حجۃ الوداع سے یکم ربیع الاول روز یکشنبہ تک 80 دن ہیں اور 2 ربیع الاول یوم رحلت روز دوشنبہ تک 81 دن ہیں۔

اور بعض کا یہ قول ہے کہ ربیع الاول کی پہلی تاریخ تھی یہ اس طرح ذی الحجہ و محرم وصفر میں سے کوئی ایک مہینہ 30 دن کا اور باقی دو مہینے 29-29 دن کے ہوئے ہوں اس قول پر روز جمعہ حجۃ الوداع سے یکم ربیع الاول یوم رحلت روز دوشنبہ تک 81 دن ہیں ان اقوال میں سے تیسرے اور چوتھے قول کو اس بنا پر رد کیا گیا ہے کہ کسی روایت میں یہ نہیں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یکم ربیع الاول کو رحلت فرمائی ہے نہ کہ کسی روایت میں یہ ہے کہ 2 ربیع الاول کو رحلت فرمائی ہے۔لہذا روایت کے بغیر تاریخ

کا تعین قابل اعتبار نہیں، خصوصاً اِس حالت میں کہ ازروئے حساب نجوم ربیع الاول 11ھ ہجری کا چاند یکشنبہ کو مرئی ہونا بعید تر ہے۔

﴿ھدایہ سابعہ﴾ یکم محرم 61ھ سال شہادت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ازروئے حساب دوشنبہ تھا اس لئے کہ روز جمعہ حجۃ الوداع سے 30 ذی الحجہ روز جمعہ 10ھ ہجری تک 22 دن ہیں اور یکم محرم 11ھ ہجری سے ختم ذی الحجہ 60ھ تک 50 سال اور یکم محرم 61ھ ہجری کا ایک دن کل ملا کر روز جمعہ حجۃ الوداع سے یکم محرم 61ھ ہجری تک 50 سال اور 23 دن ہیں، یعنی کل ﴿17741﴾ دن اور 8 گھنٹے 55 منٹ ہیں، گھنٹوں اور منٹوں کا مجموعہ سالم دن مان لینے پر ﴿17742﴾ دن ہوئے جنہیں سات پر تقسیم کرنے سے چار باقی رہتا ہے۔ اور ان ایام کا پہلا دن حجۃ الوداع ہے جس دن بلاشبہ جمعہ تھا اس لئے جدول اسبوعات میں ہم نے 4 کے مقابل بائیں جانب دیکھا تو جمعہ کے نیچے دوشنبہ ہے، لیکن ازروئے رویت چہار شنبہ بھی ممکن ہے۔لہذا10 محرم الحرام 61ھ ہجری یوم شہادت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ازروئے تقویم چہار شنبہ تھا اور ازروئے رویت جمعہ بھی ممکن۔ یا یوں سمجھئے کہ روز جمعہ یوم شہادت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ازروئے تقویم 12 محرم تھی اور ازروئے رویت 10 محرم ﴿سُوال﴾ روز جمعہ حجۃ الوداع سے یکم محرم 61ھ تک پورے 1742 دن نہیں ہیں بلکہ 15 گھنٹے 5 منٹ کم ہیں اِس لئے گھنٹے اور منٹ چھوڑ کر صرف 1741 دن ہی ماننا چاہیئے، جس طرح کہ ھدایہ ثالثہ ورابعہ و خامسہ میں گھنٹوں اور منٹوں کو چھوڑ دیا گیا ہے۔﴿جواب﴾ ہلال مرئی نہیں ہوتا مگر شام ہی کو لیکن ازروئے حساب اوسط ہلال ہوتا ہے لیکن جس دن یا جس رات کے کسی حصہ میں ازروئے حساب اوسط ہلال کا وقت ہوتا ہے وہ دن شہر ماضی میں محسوب ہوتا ہے نہ کہ شہر مستقبل میں اِس لئے ھدایہ سابعہ میں کسر کو مرفوع کر دیا گیا اور ھدایہ ثالثہ و رابعہ

وخامسہ میں کسور ساقط کر دیئے گئے اور اس سے یہ قاعدہ مستنبط ہوا کہ جو تاریخ اصل معتمد سے سابق ہوا اِس کی تحقیق میں کسر کو ساقط کر دیا جائے گا اور جو تاریخ اصل معتمد سے لاحق ہو اُسکی تحقیق میں کسر کو مرفوع کیا جائے گا۔ فاحفظ

﴿سُوال﴾ جب کہ یکم محرم 61ھ ہجری کو از روئے حساب دوشنبہ ہے تو از روئے رویت یکم محرم 61ھ کو سہ شنبہ ہونا تو ممکن ہے لیکن ہے لیکن چہار شنبہ ہونا کس طرح ممکن ہے۔

﴿جواب﴾ بحساب تقویم ایک مہینہ 30 دن کا ہو تو دوسرا مہینہ 29 دن کا ہوگا۔ لیکن از روئے رویت تین چار مہینے پے در پے 30-30 دن کے بھی ہو جاتے ہیں۔ لہذا یہ ہو سکتا ہے کہ یکم محرم 61ھ ہجری کو از روئے حساب دوشنبہ اور از روئے رویت چہار شنبہ ہو وہ اس طرح کہ از روئے حساب یکم رجب 60ھ ہجری کو ہفتہ ہے اور از روئے رویت بھی یکم رجب 60ھ کو ہفتہ ہی ہے اِس کے بعد باقی مہینوں کی تقویم حسب ذیل ہے۔

ہجری تاریخ	روز جمعہ حجۃ الوداع 10ھ سے از روئے تقویم ایام کی تعداد ﴿برفع کسر﴾	ایام از روئے تقویم	ایام از روئے رویت	روز جمعہ حجۃ الوداع 10ھ ہجری ہجری سے از روئے رویت ایام کی تعداد
یکم رجب 60ھ	17565	ہفتہ	ہفتہ	17565
یکم شعبان 60ھ	17594	اتوار	پیر	17595
یکم رمضان 60ھ	17624	منگل	بدھ	17625
یکم شوال 60ھ	17653	بدھ	جمعرات	17654
یکم ذی الاحجہ 60ھ	17683	جمعہ	ہفتہ	17684
یکم محرم 61ھ	17742	پیر یکم محرم	بدھ یکم محرم	17744

Xxx	17743	منگل 2 محرم	xxx	xxxxx
ہجری تاریخ	روز جمعہ حجۃ الوداع 10ھ سے ازروئے تقویم ایام کی تعداد ﴿برفع کسر﴾	ایام ازروئے تقویم	ایام ازروئے رویت	روز جمعہ حجۃ الوداع 10ھ ہجری سے ازروئے رویت ایام کی تعداد
4 محرم یا 2 محرم	17744	بدھ 3 محرم	xxxxx	xxxxx
5 محرم یا 3 محرم	17745	جمعرات 4 محرم	جمعرات 2 محرم	17745
6 محرم یا 4 محرم	17746	جمعہ 5 محرم	جمعہ 3 محرم	17746
7 محرم 5 یا محرم	17747	ہفتہ 6 محرم	ہفتہ 4 محرم	17747
8 محرم یا 6 محرم	17748	اتوار 7 محرم	اتوار 5 محرم	17748
9 محرم یا 7 محرم	17749	پیر 8 محرم	پیر 6 محرم	17749
10 محرم یا 8 محرم	17750	منگل 9 محرم	منگل 7 محرم	17750
11 محرم یا 9 محرم	17751	بدھ 10 محرم	بدھ 8 محرم	17751
12 محرم یا 10 محرم	17752	جمعرات 11 محرم	جمعرات 9 محرم	17752
	17753	جمعہ 12 محرم	جمعہ 10 محرم	17753

﴿ھدایہ ثامنہ﴾ نہم ذی الحجہ 10ھ ہجری حجۃ الوداع کے دن یوم عرفہ جمعہ کو 6/9 مارچ 632ء عیسوی ہے

اس لئے کہ یکم محرم سال ہجری سے 9 ذی الحجہ 10ھ ہجری تک 3523 دن ﴿ملاحظہ ہو ھدایہ ثانیہ﴾

سنہ عیسویہ کے ایام زائد 227013 دب ﴿ملاحظہ ہو مقدمہ ثانیہ﴾

یعنی یکم جنوری کے 1ء عیسوی سے 9 ذی الحجہ 10ھ ہجری تک 230536 دن

600 سال شمسی	219145	دن
28 سال شمسی	10227	دن

3سال شمسی	1095	دن
دوماہ جنوری وفروری	60	دن
یعنی 631سال شمسی کے بعد ختم فروری تک	230527	دن
مارچ 632ئہ کے 9دن	9	دن
یعنی یکم جنوری 1ئہ عیسوی سے 9ذی الحجہ 632ئہ عیسوی تک	230536	دن

لہذا9ذی الحجہ 10ئہ ہجری یوم عرفہ جمعہ کو6مارچ 632ئہ عیسوی ہے،جو اس وقت کے شماررائج کے مطابق 6 مارچ632عیسوی ہے۔

﴿ھدایہ تاسعہ﴾ یکم محرم سال ہجرت کو 15/18 جولائی 622ئہ عیسوی روز پنجشنبہ تھا،لیکن ازروئے رویت16/19جولائی622ئہ عیسوی روزجمعہ بھی ممکن ہے،اِس لئے کہ یکم جنوری 1ئہ عیسوی روزدوشنبہ سے یکم محرم سالِ ہجرت روز پنجشنبہ تک کل227014دن ہیں اس لئے کہ

یکم محرم سال ہجرت کاایک دن	1	دن	
سنہ عیسوی کے ایام زائدہ	227013	دن	﴿ملاحظہ ہو مقدمہ ثامنہ﴾
یعنی یکم جنوری 1ئہ عیسوی سے یکم محرم سال ہجرت تک	227014	دن	
600سال شمسی	219145	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ﴾
20سال شمسی	7305	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
اسال شمسی	365	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
یکم جنوری سے ختم جون تک چھ ماہ	181	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ رابعہ

یعنی 621 سال شمسی کے بعد ختم جون تک	226996	دن	
جولائی 266؁ عیسوی کے اٹھارہ دن	18	دن	
لہذا 18 جولائی 622؁ عیسوی تک	227014	دن	

﴿هدایہ عاشرہ﴾ یکم محرم سال ولادت کو 12 / 14 فروری 571؁ عیسوی روز پنجشنبہ تھا لیکن از روئے 13 / 15 فروری 571؁ عیسوی روز جمعہ بھی ممکن ہے۔ اِس لئے کہ یکم جنوری 1؁ عیسوی سے 9 مارچ 632؁ عیسوی مطابق 9 ذی الحجہ 10؁ ہجری روز جمعہ تک 230532 دن ہیں ملاحظہ هدایہ ثامنہ اور 2 محرم سال ولادت سے 9 ذی الحجہ 10؁ ہجری روز جمعہ تک 62 سال 11 ماہ قمری اور 8 دن ہیں یعنی کل 22303 دن اور 14 گھنٹے 48 منٹ ہیں۔ گھنٹے اور منٹ چھوڑ کر سالم دل 22303 ہیں، اِس لئے یکم جنوری 1؁ عیسوی سے یکم محرم سال ولادت تک ﴿230532−22303=﴾ 203233 دن ہیں۔

500 سال شمسی	182621	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
68 سال شمسی	24837	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
2 سال شمسی	730	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
ایک مہینہ جنوری	31	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ رابعہ
یعنی 570 سال شمسی کے بعد ختم جنوری تک	208219	دن	
فروری 571؁ عیسوی کے چودہ دن	14	دن	
یعنی یکم جنوری 1؁ عیسوی سے 14 فروری 571؁ عیسوی تک	208233	دن	

لہذا یکم محرم سال ولادت روز پنجشنبہ کو 14 فروری 571 سنہ عیسوی ہے جو اُس وقت کے شمار رائج کے مطابق 12 فروری 571 سنہ عیسوی ہے اور ازروئے رویت یکم محرم سال ولادت کو 15 فروری 571 سنہ عیسوی روز جمعہ بھی ممکن ہے اور جو اُس وقت کے شمار رائج کے مطابق 13 فروری 571 سنہ عیسوی ہے۔

﴿ھدایہ حادیہ عشرہ﴾ یکم ربیع الاول سال ولادت کو 12 / 14 اپریل 571 سنہ عیسوی روز یکشنبہ تھا لیکن ازروئے رویت 13 / 15 اپریل 571 سنہ روز دوشنبہ بھی ممکن ہے اس لئے کہ یکم جنوری 1 سنہ عیسوی سے 9 مارچ 632 سنہ عیسوی مطابق 9 ذی الحجہ 10 سنہ ہجری روز جمعہ حجۃ الوداع تک 230536 دن ہیں۔ ملاحظہ ہو ھدایہ ثامنہ اور 2 ربیع الاول ولادت سے 9 ذی الحجہ 10 سنہ ہجری روز یکم ربیع لاول سال ولادت تک ﴿22244-=230536﴾ 208292 دن ہیں۔

500 سال شمسی	182621	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
68 سال شمسی	24837	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
2 سال شمسی	730	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
تین ماہ جنوری و فروری و مارچ	90	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ رابعہ
یعنی 570 سال شمسی کے بعد ختم مارچ تک	208278	دن	
اپریل 571 سنہ عیسوی کے	14	دن	
یعنی یکم جنوری 1 سنہ عیسوی سے 14 اپریل 571 سنہ عیسوی تک 208292 دن			

لہذا یکم ربیع الاول سال ولادت کو جب کہ ازروئے حساب یکشنبہ ہے تو اُس دن 14 اپریل 571 سنہ عیسوی ہے، جو اُس وقت کے شمار ارئج کے مطابق 12 اپریل 571 سنہ عیسوی ہے اور اگر یکم ربیع الاول سال ولادت

کوازروئے رویت دوشنبہ ہے تو اُس دن 15 اپریل 571ء ہے جواُس وقت کے شمار رائج کے مطابق 13 اپریل 571ء عیسوی ہے۔اِس تحقیق سے یہ نتیجہ نکلا کہ یوم ولادت باسعادت روز دوشنبہ کو اگر 2ربیع الاول ہے تو یوم ولادت باسعادت کو 15 اپریل 571ء عیسوی ہے جو اُس وقت کے شمار رائج کے مطابق 13 اپریل 571ء عیسوی ہے۔ اور اگر یوم ولادت باسعادت روز دوشنبہ کو 8ربیع الاول یا 9ربیع الاول ہے تو یوم ولادت باسعادت کو 22 اپریل 571ء عیسوی ہے، جو اُس وقت کے شمار رائج کے مطابق بستم اپریل 571ء عیسوی ہے۔

﴿ہدایہ ثانیہ عشرہ﴾ (الف) اگر یوم رحلت روزدوشنبہ کو یکم ربیع الاول یا 2ربیع الاول 11ھ ہجری ہے تو اِن دونوں صورتوں میں یوم حجۃ الوداع سے یوم رحلت 81 دن ہیں۔لہٰذا اِس صورت میں یوم رحلت روز دوشنبہ کو 25/28 مئی 632ء عیسوی ہے اِس لئے کہ یکم جنوری 1ء عیسوی سے 6/9مارچ عیسوی روز جمعہ حجۃ الوداع تک 230536 دن ہیں ملاحظہ ہو﴿ہدایہ ثامنہ﴾لہٰذا یکم جنوری 1ء عیسوی 5/8مارچ 632ء عیسوی روز پنجشنبہ تک 230535 دن ہیں اور روز جمعہ حجۃ الوداع سے یوم رحلت دوشنبہ تک اِن دونوں صورتوں میں 81 دن ہیں۔لہٰذا یکم جنوری 1ء عیسوی سے یوم رحلت دوشنبہ تک اِن دونوں صورتوں میں ﴿230535+81=﴾کل 230616 دن ہیں۔

600سال شمسی	219145	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
28سال شمسی	10227	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
3سال شمسی	1095	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ ثالثہ
یکم جنوری سے ختم اپریل تک 4ماہ	121	دن	ملاحظہ ہو مقدمہ رابعہ

یعنی 631 سال شمسی کے بعد ختم اپریل تک	230588	دن	
مئی 632ء عیسوی کے	28	دن	
یعنی یکم جنوری 1ء عیسوی سے 28 مئی 632ء عیسوی تک	230616	دن	

لہذا یوم رحلت روز دوشنبہ یکم ربیع الاول یا 2 ربیع الاول 11ھ ہجری کو 28 مئی 632ء عیسوی ہے جو اُس وقت کے شمار رائج کے مطابق 25 مئی 632ء عیسوی ہے۔

